05-02-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ ریاست کے وزیر زراعت ناگیشور راؤ نے اعلان کیا ہے کہ ریتو بھروسہ فنڈس کی رقم آج سے اہل کسانوں کے بینک اکاؤنٹ میں جمع کرادی جائے گی۔

۲۔ پنچایت راج اور دیہی ترقیات کی ریاستی وزیر انوسویا سیتا اکا نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت' قبائیلوں کی بھلائی پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔

۳۔ بھارت راشٹرا سمیتی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے کانگریس حکومت پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ پسماندہ طبقات کے تعلق سے جھوٹے وعدے کررہی ہے۔

اور

۴۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے خاتون کرکٹر تریشا کیلئے ایک کروڑ روپے نقد انعام اور انڈر 19 ورلڈ کپ فاتح ٹیم کی رکن کیسری کو 10 لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا ہے۔

SEETHAKKA:

پنچایت راج اور دیہی ترقیات کی ریاستی وزیر انوسویا سیتا اکا نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت' قبائیلوں کی بھلائی پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ حیدرآباد میں مانصاحب ٹینک پر واقع دامودر سنیویا ویلفیر بھون میں درج فہرست ذاتوں سے تعلق رکھنے والے ایم ایل ایز کی ایک میٹنگ میں شرکت کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے سیتا اکا نے اِس بات کو دہرایا کہ حکومت' قبائیلوں کی بھلائی کے لئے اقدامات کرنے کے لئے پُرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلی حکومت نے گزشتہ 10 سال کے دوران قبائیلیوں کی بھلائی اور ان کی ترقی کو نظر انداز کردیا تھا جبکہ غریبوں اور کمزور طبقات کے مسائل کو بھی حل کرنے میں ناکام ہوئی۔ وزیر نے یہ بات نوٹ کی کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے قبائلی طبقات کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لئے مثبت ردِعمل ظاہر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذکورہ میٹنگ کے دوران اٹھائے گئے موضوعات سے سی ایم کو واقف کرایا جائے گا اور وہ کل ایس ٹی ایم ایل ایز کے ساتھ ایک خصوصی میٹنگ کے دوران ان مسائل پر بات کریں گے۔ سیتا اکا نے یہ اعلان بھی کیا کہ سَنت سیوالال جینتی تقاریب کے لئے دو کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔

KTR:

بھارت راشٹرا سمیتی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے کانگریس حکومت پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ پسماندہ طبقات کے تعلق

سے جھوٹے وعدے کررہی ہے۔ کے ٹی آر نے ایکس پر کہا کہ کل منعقدہ اسمبلی اجلاس کے دوران دو باتیں صاف ہوگئیں۔ ایک یہ کہ کانگریس حکومت جو ایک سال سے اقتدار میں ہے، پوری طرح ناکام ہوگئی ہے اور دوسرا یہ کہ پالیسیوں کے تعلق سے کانگریس کے پاس واضح موقف نہیں ہے۔ کے ٹی آر نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ کانگریس، بی سی اعلامیہ کے نام پر جھوٹ پھیلا رہی ہے۔ انہوں نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ ریاستی حکومت نے اسمبلی میں جو اعداد وشمار پیش کئے ان کے تعلق سے وہ خود ہی واضح موقف نہیں رکھتی۔

FACE TO FACE:

ریاستی وزیر انوسویا سیتا اکا نے آج حیدرآباد میں واقع پارٹی کے ہیڈکوارٹر گاندھی بھون میں منعقدہ عوام کے ساتھ روبرو پروگرام میں شرکت کی۔ اس موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مواضعات کی سطح پر درخواستیں وصول کرنے کے علاوہ وزراٗ کی جانب سے گاندھی بھون میں بھی راست درخواستیں قبول کی جارہی ہیں۔ وزیر نے یہ بات نوٹ کی کہ انہوں نے دوسری مرتبہ اِس دوبدو پروگرام میں شرکت کی۔ سیتا اکا نے اس بات کو اجاگر کیا کہ عوام کی جانب سے جو مسائل اٹھائے گئے ان میں زیادہ تر زمینات کے جھگڑے اور سماجی رہے۔ سیتا اکا نے مزید کہا کہ مذکورہ پروگرام کے دوران زمینات کا رجسٹریشن غلط ناموں سے کئے جانے کے تعلق سے بھی کئی شکایات موصول ہوئیں۔

AGA KHAN:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اسماعلیہ فرقہ کے مذہبی لیڈر و پدم وبھوشن ایوارڈ یافتہ آغا خان کی موت پر نہایت گہری تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ سی ایم نے کریم الحسینی آغا خان چہارم کی موت کو انسانیت کے لئے ایک نقصان قرار دیا اور اِس بات کا اعتراف کیا کہ آغا خان عالمی سطح پر ایک زبردست سماجی جہد کار انسانیت کے لئے خدمات انجام دینے کی حیثیت سے مشہور تھے۔ سی ایم نے آغا خان نٹ ورک کے ذریعہ سماج کے لئے ان کی جانب سے انجام دی گئی خدمات کو بھی اجاگر کیا۔

KILLED:

حیدرآباد کے علاقہ ایل بی نگر میں آج صبح کمپاؤنڈ کی دیوار گرنے کے نتیجہ میں تین افراد ہلاک جبکہ ایک شخص زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب چار مزدوروں کا ایک گروپ ایک اپارٹمنٹ میں پلر کی تعمیر کے لئے کھدوائی میں مصروف تھا۔ تبھی قریبی حصار کی دیوار منہدم ہوگئی جس کے نتیجہ میں تین مزدور برسرموقع ہلاک ہوگئے جبکہ زخمی مزدور کو کامینی ہاسپٹل منتقل کیا گیا۔ مہلوکین کا تعلق سوریہ پیٹ سے بتایا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں ایک کیس درج کرلیا گیا ہے۔

REWARD:

انڈر 19 ٹی 20 ورلڈ کپ فاتح قومی ٹیم کی رکن جی تریشا نے آج حیدرآباد میں واقع جوبلی ہلز میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سے ان کی رہائش گاہ پہنچ کر خیر سگالی ملاقات کی۔سی ایم نے ملیشیاء میں حال ہی میں منعقدہ انڈر 19 کرکٹ ورلڈ کپ میں شاندار مظاہرہ کرنے پر تریشا کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کرکٹ کے میدان میں عمدہ مظاہرہ پر مبارکباد دی اور مستقبل میں مزید کامیابیوں کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ اِس موقع پر ریونت ریڈی نے تریشا کے لئے ایک کروڑ روپے نقد انعام اور تلنگانہ سے تعلق رکھنے والی فاتح ٹیم کی ایک اور رکن کیسری کے لئے 10 لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا۔ اِس کے علاوہ انڈر 19 ورلڈ کپ فاتح ٹیم کی ہیڈ کوچ نوشین اور ٹرینر شالنی کو بھی فی کس 10 لاکھ روپے نقد انعام دیا گیا۔

ARREST:

ضلع سنگاریڈی کے موضع نلاولی میں آج اس وقت ہلکی کشیدگی پھیل گئی جب بی آر ایس کی ایم ایل اے سنیتا ریڈی، دیگر پارٹی لیڈرس کے ساتھ مقامی افراد سے ملاقات کے لئے پہنچی۔اس وقت دیہی افراد کچرے کے انبار کے خلاف احتجاج کر رہے تھے۔ پولیس نے سنیتا ریڈی کو احتیاطی طور پر تحویل میں لے لیا اور دوسرے مقام منتقل کر دیا۔سنیتا ریڈی بھی گاؤں میں کچرے کے ڈھیر کے خلاف احتجاج کرنے کے لئے پہنچی تھیں۔ پولیس نے انہیں گاؤں میں داخل ہونے سے روک دیا اور کہا کہ وہاں دفعہ 144 نافذ ہے۔ بعدازاں سنیتا ریڈی نے میڈیا کے نمائندوں سے کہا کہ وہ منتخب نمائندہ ہیں۔تاہم اس کے باوجود پولیس نے انہیں عوام سے بات کرنے کی اجازت نہیں دی۔

TUMMALA:

ریاست کے وزیر زراعت ناگیشور راؤ نے اعلان کیا ہے کہ ریتو بھروسہ فنڈس کی رقم آج اہل کسانوں کے بینک اکاؤنٹ میں جمع کرادی جائے گی۔ابتداء میں ایک ایکر اراضی پر فصل اگانے والے کسانوں کو رقم ادا کی جائے گی۔اس طرح 17.03 لاکھ کسانوں کو فائدہ ہوگا۔وزیر نے کہا کہ یہ اقدام وزیراعلیٰ کی ہدایت پر کیا جا رہا ہے۔

MANDA:

مادیگا ریزرویشن پوراٹا سمیتی کے لیڈر مندا کرشنا مادیگا نے تلنگانہ حکومت کی جانب سے ایس سی اعلامیہ کو منظوری دئے جانے کے فیصلہ کا خیر مقدم کیا ہے۔ اِس کے علاوہ انہوں نے ڈاکٹر جسٹس شمیم اختر کی زیرصدارت ایک رکنی کمیشن کی جانب سے دولت مند افراد کو مسترد کئے جانے کا بھی خیر مقدم کیا۔حیدرآباد میں آج پریس کلب میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے مادیگا نے کہا کہ زمرہ بندی کے ذریعہ مادیگا طبقہ کی پسماندگی کو نظر انداز کر دیا گیا تھا۔انہوں نے کہا کہ پمبالا جیسی ذاتوں کو گروپ

اے میں شامل کیا گیا ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ پمبالا ذات کے تحت ہر دس میں سے ایک شخص کو سرکاری ملازم ہونا چاہئے۔تاہم انہیں مزید پسماندہ گروپ اے میں شامل کیا گیا ہے۔انہوں نے مادیگا طبقہ کے مفادات کو نظرانداز کرنے پر وزیرصحت دامودھر راج نرسمہا کو ذمہ دار ٹھہرایا۔

PM - MAHAKUMBH:

وزیراعظم نریندر مودی نے پریاگ راج میں مہاکمبھ کے دوران تریوینی سنگم میں مقدس ڈ بکی لگائی۔مودی نے ایک سوشیل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ سنگم پر اسنان، ایک مذہبی تعلق رکھتا ہے۔کروڑہا افراد کی طرح انہوں نے بھی مذہب کی رسم پوری کی۔ مودی نے یہ امید ظاہر کی کہ ماں گنگا سے ہم وطنوں کے لئے اچھا ہوگا اور امن کے ساتھ ان کی صحت بھی بہتر ہوگی۔

Rev. SHOWCAUSE:

کانگریس کی تادیبی کمیٹی نے تلنگانہ ذات پات کے سروے کے خلاف تنقید کرنے پر پارٹی کے ایم ایل سی تین مار ملنا کو وجہ نمائی نوٹس جاری کی ہے۔ملنا نے ذات پات سے متعلق مذکورہ جامع سروے کے مقاصد پر سوال اٹھاتے ہوئے اسے اعلیٰ ذاتوں کا سروے قرار دیا تھا۔انہوں نے یہ بھی کہا تھا کہ بعض ایم ایل ایز اس کے خلاف بولنے کے خلاف اس کی تعریف کررہے ہیں۔اسی دوران ریاستی وزیر سیتا اکا نے کہا کہ کسی بھی مسئلہ یا الجھن کو اندرونی طور پر حل کیا جانا چاہئے۔انہوں نے ملنا کے بیان پر ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ اگر کسی کو کسی بات پر تشویش ہے تب یہ ضروری ہے کہ اِس معاملہ پر اندرونی طور پر بات چیت کی جائے۔

KISAN:

حیدرآباد میں واقع ہائی ٹیکس اگزبیشن سنٹر میں پرسوں سے تین روزہ کسان اگری شو 2025ء کا تیسرا ایڈیشن شروع ہوگا۔ اِس شو کا مقصد صنعتوں کے ماہرین، پیشہ ور افراد، پالیسی سازوں اور کسانوں کو ایک جگہ جمع کرنا ہے۔مذکورہ نمائش کے دوران 150 سے زائد کمپنیوں کی اشیاء رکھی جائیں گی۔

OO